http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ
اسلام آباد
ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 06 | پیر 27 جولائی 2026ء 12 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 324
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پاکستان، کویت کے مابین دفاعی تعاون معاہدہ

فوجی تربیت اور تعلیم، لاجسٹک تعاون، فوجی اہلکاروں کے تبادلے، ایگزیکٹو پروٹوکول اور پروگرام کے ذریعے سالانہ منصوبے تیار کریں گے

معاہدے میں تکنیکی ماہرین، سائنسی و تکنیکی تعاون، ملٹری انٹیلیجنس اور دیگر شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے، کویتی حکومت کی منظوری کے بعد سرکاری گزٹ شائع

کویت اور پاکستان کے درمیان دفاعی شعبے میں تعاون کا معاہدہ ہوگیا ہے اور کویتی حکومت نے اس کی منظوری دے دی ہے۔عرب میڈیا کے مطابق باضابطہ منظوری کو آج سرکاری گزٹ میں شائع کردیا گیا ہے، منظوری حکم نامہ نمبر 73 آف 2026 کے تحت سرکاری گزٹ کویت الیوم میں شائع ہوا ہے۔معاہدے کے متن کے مطابق حکم نامہ 11 جون 2023 کو کویت میں طے پانے والے معاہدے کی منظوری دیتا ہے، تعاون کا مقصد دفاعی تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔متن کے مطابق دونوں ممالک کے قوانین اور ضوابط اور ان کی بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق فوجی تربیت، تعلیم اور مسلح افواج میں تعاون کے لیے فریم ورک قائم کرنا ہے، باہمی اتفاق سے فوجی تربیت اور تعلیم، لاجسٹک تعاون، فوجی اہلکاروں کے تبادلے کا احاطہ شامل ہے۔معاہدے میں تکنیکی ماہرین، سائنسی و تکنیکی تعاون، ملٹری انٹیلیجنس اور دیگر شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔معاہدے پر عمل درآمد کے لیے دونوں ممالک ایگزیکٹو پروٹوکول اور پروگرام کے ذریعے سالانہ منصوبے تیار کریں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پاسداران انقلاب کا 200 امریکی فوجی مارنے کا دعویٰ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا کے ساتھ جاری کشیدگی کے دوران ایرانی جوابی کارروائیوں میں 200 سے زائد امریکی فوجی ہلاک جبکہ بڑی تعداد میں اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان جنرل حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سابق چیئرمین اٹامک انرجی کمیشن پرویز بٹ انتقال کر گئے

43 برس سے زائد ملکی جوہری پروگرام کیلئے خدمات انجام دیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین ڈاکٹر پرویز بٹ 84 برس کی عمر میں انتقال کر گئے، ان کی وفات پر سائنسی، دفاعی اور قومی حلقوں میں گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا جارہا ہے۔ڈاکٹر پرویز بٹ پاکستان کے جوہری اور اسٹریٹجک پروگرام کے بانی ارکان میں شمار ہوتے تھے۔انہوں نے 1963 میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن میں شمولیت اختیار کی اور 43 برس سے زائد عرصے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

لاہور، صوبائی دارالحکومت میں مون سون بارشوں کے باعث مینار پاکستان کے احاطے میں پانی جمع ہے

ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی بدستور نافذ

واشنگٹن، تہران (صباح نیوز) امریکی فوج کی مرکزی کمان سینٹکام نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی بدستور مکمل طور پر نافذ ہے اور اس نے خلاف ورزی کرنے والے 12 بحری جہازوں کا راستہ تبدیل کیا۔ سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں سینٹکام نے کہا کہ امریکی فوج نے احکامات کی تعمیل نہ کرنے والے دو جہازوں کو ناکارہ بنا دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پہلا مرحلہ 3 اضلاع میں پولنگ آج آزاد کشمیر الیکشن

مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی میں ٹکر کا مقابلہ

ن لیگ کی پوزیشن مضبوط

13 حلقوں میں 2316 پولنگ اسٹیشنز میں 1 ہزار 965 پولنگ اسٹیشنز حساس اور انتہائی حساس قرار، چاروں صوبوں سے 17 ہزار پولیس اہلکاروں کو میر پور ڈویژن پہنچا دیا گیا

بیلٹ پیپرز اور دیگر انتخابی سامان پریذائیڈنگ افسران کے حوالے کر دیا گیا، نتائج تیار کر کے فارم 26 پر درج کیے جائیں گے، ڈی آر او جہانگیر احمد جرال

میر پور (سٹاف رپورٹر) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے لیے چاروں صوبوں سے 17 ہزار پولیس اہلکاروں کو میر پور ڈویژن پہنچا دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب پولیس کے 14 ہزار افسران و اہلکار سیکیورٹی کی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے ان میں پنجاب پولیس سے 5 ہزار ہائی وے پولیس، 3 ہزار انٹی رائٹ فورسز کے اہلکار، پنجاب کانسٹیلری کے 900، ضلعی پولیس کے 5 ہزار 100 افسران شامل ہیں۔ سندھ پولیس کے 2000، خیبر پختونخوا پولیس کے 500 اہلکار الیکشن ڈیوٹیز پر مامور ہیں، بلوچستان پولیس کے 200، جی بی پولیس کے 100 اہلکار الیکشن ڈیوٹی سرانجام دیں گے، میر پور کے 3 حلقوں میں 4 ہزار 800، کوٹلی کے 6 حلقوں میں 8 ہزار 300 اہلکار ڈیوٹیز پر مامور ہوئے ہیں، بھمبر کے تین حلقوں میں ساڑھے چار ہزار اہلکار ڈیوٹیاں سرانجام دیں گے۔ اسی طرح پاک فوج کے 2100 اہلکار بیک اپ پر موجود ہوں گے۔ میر پور ڈویژن کے 13 حلقوں میں 2316 پولنگ اسٹیشنز میں 1 ہزار 965 پولنگ اسٹیشنز حساس اور انتہائی حساس قرار دیے گئے ہیں، ڈسٹرکٹ کوٹلی کے 235,1 پولنگ اسٹیشنز 438 حساس اور 323 انتہائی حساس قرار دیے گئے ہیں، ڈسٹرکٹ بھمبر کے 608 پولنگ اسٹیشنز میں سے 250 انتہائی حساس قرار دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ڈی آر او آفس سے پولنگ سامان کی ترسیل شروع ہوگئی، بیلٹ پیپرز اور دیگر انتخابی سامان پریذائیڈنگ افسران کے حوالے کر دیا گیا، جس کے بعد پولنگ سامان سخت سیکیورٹی میں متعلقہ پولنگ اسٹیشنز کو روانہ کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

وزیراعظم کا حافظ نعیم الرحمن کو فون، امیر العظیم کی وفات پر اظہار تعزیت

چوہدری شجاعت، طاہر القادری، خواجہ سعد کی بھی تعزیت، خدمات کو خراج تحسین پیش

افغان سفارتخانے، صدر الہدیٰ سعودیہ سمیت دیگر رہنماؤں کا بھی اظہار افسوس

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل امیر العظیم کے انتقال پر ملک و بیرون ملک سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن، مرحوم کے بھائیوں اور صاحبزادوں سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے مرحوم کی دینی، سیاسی اور قومی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

تربت، وفاقی وزیر محسن نقوی فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) دورہ کے دوران ایف سی کے جدید ترین ہسپتال کا افتتاح کر رہے ہیں

ملک کے مختلف حصوں میں بارشیں متعدد شہروں میں سیلاب کا خدشہ، الرٹ جاری

پنجاب کے مشرقی و جنوبی اضلاع، بالائی، جی بی، کشمیر اور شمال مشرقی و جنوبی بلوچستان میں بارش، تیز ہوائیں چلنے کا امکان

کمزور عمارتوں، سولر پینلز، بجلی کے کھمبوں اور بل بورڈز کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ، راجستھان میں کم دباؤ کا نظام موجود، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف حصوں میں مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے متعدد علاقوں میں اربن فلڈنگ اور فلیش فلڈ کے خدشے سے خبردار کر دیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق راجستھان کے جنوب مغرب اور ملحقہ علاقوں پر ہوا کے کم دباؤ کا نظام موجود ہے، جس کے باعث مون سون ہوائیں مسلسل پاکستان کے جنوبی اور وسطی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ آج ڈیرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

امریکا ایرانی یورینیم پر قبضہ کرنے کیلئے بڑے آپریشن پر غور

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی اخبار نیویارک پوسٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ اگر ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق سفارتی کوششیں ناکام ہوئیں تو امریکا ایران کی محفوظ جوہری تنصیبات میں موجود یورینیم کے ذخیرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پی ٹی آئی کارکنوں کی تاریخ جدوجہد سے بھری پڑی ہے، علیمہ خان

ہماری جدوجہد جاری رہے گی رکاوٹیں توڑ کر آگے بڑھیں گے، میڈیا سے گفتگو

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے کارکنوں کی تاریخ جدوجہد سے بھری پڑی ہے وہ دن دور نہیں جب ظلم کا سورج طلوع ہوگا اور انصاف کا بول بالا ہوگا حقیقی آزادی اور عمران خان کے عظیم مشن کی تکمیل کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی رکاوٹیں توڑ کر آگے بڑھیں گے انہوں نے ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

مانسہرہ، علیمہ خان تحریک انصاف کے کارکنوں سے خطاب کر رہی ہیں

پنجاب کے ٹرانسپورٹ نظام میں کیش لیس ادائیگی کا نظام متعارف

مقصد شہریوں کو محفوظ اور جدید سفری تجربہ فراہم کرنا ہے، فیصل یوسف

لاہور (آئی این پی) پنجاب کے ٹرانسپورٹ نظام میں بڑی تبدیلی متعارف کرا دی گئی جس کا اطلاق میٹرو اور الیکٹرک بس سروس پر ہوگا۔ پنجاب حکومت نے نقدی کے جھنجھٹ اور طویل قطاروں میں لگے بغیر پر سہولت کیش لیس لوکل سہولت فراہم کی ہے، جو اس اندرون شہر سفر کی پاکستان میں پہلی مثال ہے۔ پنجاب حکومت نے اپنے پبلک ٹرانسپورٹ نیٹ ورک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

صدر آصف علی زرداری کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، روبینہ خالد

سالگرہ پر مبارکباد پیش، آئین اور وفاق کے استحکام کیلئے آپکا تاریخی کردار، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بینظیر اکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو 71 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آصف علی زرداری نے ہمیشہ جمہوریت، آئین اور وفاق کے استحکام کے لیے تاریخی کردار ادا کیا صدر آصف علی زرداری کی سیاسی بصیرت اور مفاہمت کی سیاست پاکستان کی جمہوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، فریال تالپور، سینیٹر روبینہ خالد و دیگر صدر زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

امریکی حملے جنگی جرائم، عالمی احتساب ناگزیر: ایرانی صدر

انفرااسٹرکچر پر حملوں کے ذمہ داروں کا احتساب یقینی بنایا جائے، مسعود پزشکیان

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی زیر صدارت ہونے والے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں امریکی حملوں سے ہونے والے نقصانات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی صدر نے کہا کہ شہری انفرااسٹرکچر پر امریکی حملے جنگی جرائم کے زمرے میں آتے ہیں اور ان جرائم کا معاملہ عالمی فورمز پر اٹھایا جانا چاہیے۔ انفرااسٹرکچر پر حملوں کے ذمہ داروں کا احتساب یقینی بنایا جائے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ پڑوسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سرحدوں پر مامور جوان وطن کیلئے جان دیتا ہے، حنیف عباسی

جتنی تنخواہ کہو دیتا ہوں، اپنا جوان بچہ سرحدوں کی حفاظت کیلئے بھیجو، چیلنج

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے پاک فوج کے خلاف بیان بازی کرنے والوں کو چیلنج کیا ہے کہ جتنی تنخواہ کہو میں دیتا ہوں، اپنا جوان بچہ سرحدوں کی حفاظت کیلئے بھیجو۔ راولپنڈی میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ کشمیری عوام نواز شریف سے محبت رکھتے ہیں، ملک کے تمام بڑے منصوبوں کے پیچھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

گوجرخان، لڑائی کا واقعہ سی پی او راولپنڈی کا نوٹس

خواتین کو تشدد کا نشانہ بنانے والے ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا حکم

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجرخان تھانہ جاتلی کی حدود میں لڑائی کا واقعہ سی پی او راولپنڈی کا فوری نوٹس، پولیس کو گھر پر حملہ کر کے خواتین کو تشدد کا نشانہ بنانے والے ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا حکم، جاتلی پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کر دی، تفصیلات کے مطابق گوجرخان کے علاقے تھانہ جاتلی کی حدود میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پاکستان مخالف مواد کو وائرل کرنے کیلئے ادائیگیاں بھارت سے کی جا رہی تھیں، وزیر اطلاعات

ملک، فوج، آرمی چیف کیخلاف مواد وائرل کرنیوالا پکڑا گیا، تعلق کالعدم کمیٹی سے ہے، دورانِ تفتیش گرفتار شخص کا انکشاف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را سے منسلک پاکستان مخالف سوشل میڈیا پروپیگنڈا نیٹ ورک بے نقاب ہوگیا ہے، جبکہ کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے بھارت سے روابط کے ثبوت سامنے آئے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

محافظ خود غیر محفوظ، راولپنڈی پولیس کا واٹس ایپ نمبر ہیک

مذکورہ نمبر سے موصول ہونے والے کسی بھی پیغام کا جواب نہ دیا جائے

ہیکنگ میں ملوث عناصر کی نشاندہی، قانونی کارروائی کا عمل جاری، ترجمان

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے تصدیق کی ہے کہ سی پی او آفس راولپنڈی کا واٹس ایپ نمبر 0307-8883800 ہیک ہوگیا ہے۔ اس واقعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

موٹروے بنا کر میر پور کو پنجاب سے لنک کریں گے، علیم خان

روزگار کے نئے مواقع پیدا کریں گے، صنعتیں لگائیں گے، سیاحت کو فروغ دیں گے، بیان

لاہور (صباح نیوز) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ ہم نہ صرف مری اور مظفر آباد موٹروے بنائیں گیلکہ میر پور کو پنجاب اسلام آباد اور لیپی سے لنک کریں گے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

دریائے سندھ سیلاب، تربیلا ڈیم سپل وے کھول دیئے گئے

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں میں مسلسل بارشوں کے باعث دریائے کابل اور دریائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

آپریشن العزم، فتنہ الہندوستان کو بھاری نقصانات کا سامنا، مزید 16 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان میں کلی کند عمرانی، خڈکوچہ، مستونگ سمیت مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان کو بھاری نقصانات کا سامنا

متعدد ٹھکانے اور کمین گاہیں تباہ، اسلحہ و دھماکہ خیز مواد برآمد، کارروائیاں مسلسل جاری رہیں گی، سیکیورٹی فورسز

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن العزم کے تحت بلوچستان میں دہشت گردی کیخلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں کلی کند عمرانی، خڈکوچہ، مستونگ سمیت مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان کو بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن العزم میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے اور کمین گاہوں کو تباہ کر کے اسلحہ و دھماکہ خیز مواد برآمد کر لیا۔ بلوچستان میں جاری آپریشن العزم میں اب تک فتنہ الہندوستان کے 16 دہشت گرد جہنم واصل کیے جا چکے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے، قمر الاسلام راجہ

سڑکوں کی بحالی، انڈر پاسز، نکاسی آب سے متعلق معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے کیلئے تمام تر توانائیاں بروئے کار لائینگے

رنگ روڈ سے متاثرہ علاقوں کے مسائل کے حل کی یقین دہانی، عوام اطمینان رکھیں، ان کے مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) انجینئر قمر الاسلام راجہ نے رنگ روڈ سے متاثرہ علاقوں کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرا دی، انجینئر قمر الاسلام راجہ نے کہا ہے کہ رنگ روڈ منصوبے کے باعث میرا موہڑہ کی زرعی زمینوں اور ڈھوک راجہ گل شیر سمیت نئی آبادی نذر رتی بن کی بیرونی رسائی کے مسئلے کو زبانی اور تحریری طور پر ضلعی انتظامیہ اور حکومت پنجاب کے سامنے بھرپور انداز میں اٹھایا گیا ہے، جس کے مثبت نتائج جلد سامنے آنے کی امید ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بسالی، ہوشیال، تراہیہ اور دیگر علاقوں میں رنگ روڈ کراسنگ، انڈر پاسز اور پلیوں پر کیچڑ جمع ہونے اور آمدورفت میں درپیش مشکلات سے وہ مکمل طور پر آگاہ ہیں۔ ان مسائل کے مستقل حل کے لیے متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں ہیں اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ مون سون کے موسم اور بارشوں کی وجہ سے متاثر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ملٹری کالج مری
داخلہ برائے جماعت ہشتم برائے سال 2027

۱۔ ملٹری کالج مری میں جماعت ہشتم میں داخلہ برائے سال 2027 کے لیے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں۔
۲۔ اپلائی کرنے کا طریقہ۔ امیدوار کالج کی ویب سائٹ www.mcm.edu.pk پر رجسٹریشن کروانے کے بعد آن لائن درخواست فارم پُر کریں۔ ہر لحاظ سے مکمل آن لائن درخواست فارم جمع کروانے کے بعد امیدوار چالان فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد اسے پُر کر کے حبیب بینک لمیٹڈ کی کسی بھی برانچ میں فیس جمع کروائیں۔ امیدوار فیس جمع ہونے کے پانچ دن بعد جمع شدہ فیس کی تصدیق کے بعد رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کریں گے۔
۳۔ رجسٹریشن فیس۔
ا۔ آرمی افسران/اے ایف این ایس کے بچے (حاضر سروس/ریٹائرڈ) - 3000 روپے
ب۔ آرمی جونیئر کمیشنڈ افسران، سولجرز، پنجاب رینجرز اور ایف سی (کے پی کے) کے بچے - 2000 روپے
ج۔ سویلین/ایئر فورس/نیوی/سول آرمڈ فورسز کے بچے - 4000 روپے
۴۔ اہلیت۔
ا۔ تعلیمی اہلیت۔ ساتویں یا آٹھویں کلاس کے طالب علم بھی اپلائی کر سکتے ہیں۔
ب۔ داخلے کے وقت ساتویں پاس کا سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگا۔
ج۔ عمر کی حد۔ یکم اپریل 2027 تک عمر 12 سے 14 سال ہونی چاہیے۔ 90 دن کی رعایت دی جا سکتی ہے۔
د۔ ازدواجی حیثیت۔ غیر شادی شدہ مرد حضرات۔
ہ۔ شہریت۔ پاکستانی۔
۵۔ نااہلی۔
ا۔ کسی بھی آرمڈ فورسز یا صوبائی گورنمنٹ کے ماتحت کیڈٹ کالج سے نکالا گیا امیدوار۔
ب۔ عمر کم یا زیادہ۔
ج۔ درخواست میں غلط معلومات کا اندراج۔
د۔ ردوبدل کیے ہوئے کاغذات یا فارم ب۔
۶۔ شیڈول۔ تحریری امتحان (معروضی اور موضوعی) مورخہ 18 اکتوبر 2026 بروز اتوار ہوگا۔ امتحان انگریزی، ریاضی، جنرل سائنس، اردو، اسلامیات تاریخ اور جغرافیہ کی چھٹی اور ساتویں جماعت کی پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتابوں میں سے ہوگا۔ داخلہ کا شیڈول مندرجہ ذیل ہے:-
(ا) داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ (سنگل فیس) - 15 ستمبر 2026
(ب) ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ - 25 ستمبر 2026
(ج) ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ - 05 اکتوبر 2026
(د) تحریری امتحان - 18 اکتوبر 2026
(ہ) انٹرویوز - دسمبر 2026
(و) کلاسز کا آغاز - اپریل/مئی 2027
۷۔ سلیکشن کا طریقہ۔ امیدوار کا انتخاب تحریری امتحان، ذہانت ٹیسٹ، انٹرویو اور میڈیکل ٹیسٹ کے بعد کیا جائے گا۔
۸۔ تحریری امتحان مراکز۔ پشاور، ایبٹ آباد، راولپنڈی، جہلم، لاہور، سیالکوٹ، ملتان، حیدر آباد، کراچی، کوئٹہ، پنو عاقل، سرگودھا، مظفر آباد، گلگت اور مری میں منعقد ہوگا۔
۹۔ رابطہ برائے معلومات۔ مزید معلومات کیلئے ان نمبروں پر رابطہ کریں:-
فون نمبر پی ٹی سی ایل: (11-3752010-51) ملٹری: (28-33527-8021)
نوٹ: ملٹری کالج مری ایک بائنڈ کالج ہے جہاں کیڈٹس کے لیے ضروری ہے کہ وہ پاکستان ملٹری اکیڈمی میں جانے کے لیے دو دفعہ آئی ایس ایس بی میں شمولیت اختیار کریں۔
شہداء اور دوران سروس وفات پانے والے آرمی افسران اور آرمی جونیئر کمیشنڈ افسران/سولجرز کے بچے چیف آف آرمی سٹاف کے کوٹہ کے لیے چیف آف آرمی سٹاف سیکرٹریٹ درخواست بھیجیں۔

روزنامہ Daily SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

فون: 0333-5196088, 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

اداریہ

بلوچستان میں امن، فیلڈ مارشل کا عزم!

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن کے لئے دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ پاکستان سے دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک فوجی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل کی گذشتہ روز 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے ملاقات ہوئی جس کے دوران سید عاصم منیر نے دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے ختم کرنے کے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف تارگٹڈ اپریشنز پورے عزم کے ساتھ جاری رہیں گے۔ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل کوششیں عوام کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام کو یقینی بنائیں گی۔ انہوں نے باور کرایا کہ ملک اور عوام کے لئے خطرہ بننے والے دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے جہاں بھی موجود ہوں گے، انہیں ختم کیا جائے گا۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ بیرونی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسی عناصر بلوچستان میں تشدد کو مسلسل ہوا دے رہے ہیں۔ یہ عناصر پاکستان کے استحکام کو نقصان پہنچانے اور امن خراب کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں تاہم پاکستان کی مسلح افواج عوام کے اتحاد، حوصلے اور بھرپور تعاون سے ان کے مذموم عزائم ناکام بنا دیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کا فخر ہے۔ یہ صوبہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور یہاں کے باہمت، محب وطن اور ثابت قدم عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں۔ ان کے بقول وفاقی اور صوبائی حکومتیں بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی کے لئے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر عملدرامد کر رہی ہیں اور اس حوالے سے بلوچستان میں پائیدار امن اور خوشحالی کے لئے سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں، میڈیا اور نوجوانوں کا مثبت کردار قابل ستائش ہے۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اسی تناظر میں دوٹوک الفاظ میں باور کرایا کہ سکیورٹی فورسز عوامی حمایت سے بلوچستان میں امن کا قیام یقینی بنائیں گی اور فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ ان کا یہ اعلان بلاشبہ قومی عزم کی ترجمانی کرتا ہے کہ دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک ریاست اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ پاکستان کے سکیورٹی ادارے بارہا اس امر کی نشاندہی کر چکے ہیں کہ بھارت بلوچستان میں سرگرم علیحدگی پسند دہشت گرد گروہوں کی مالی، تکنیکی اور لاجسٹک معاونت کر رہا ہے اور صرف ریاستی ادارے ہی نہیں بلکہ عام شہری بھی ان بگڑے ہوئے عناصر کا ہدف ہیں۔ سکیورٹی فورسز پر حملے، سرکاری تنصیبات کو نشانہ بنانا، ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹیں کھڑی کرنا اور پنجابی آبادکاروں کے علاوہ دیگر بے گناہ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ بھی اسی مذموم حکمت عملی کا حصہ ہے۔ اس دہشت گردی کا مقصد بلوچستان کے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا اور صوبے کو ترقی کی راہ سے ہٹانا ہے، مگر یہ عناصر نہ پہلے کامیاب ہوئے اور نہ آئندہ ہوں گے۔

ڈپریشن خاموش عالمی وباء!

عوامی رائے جانچنے والی معروف کمپنی اپسوس کے تعاون سے ایک انشورنس کمپنی کی جانب سے کرائے گئے سروے میں برطانیہ کو یورپ میں ذہنی صحت کے لحاظ سے بدترین ملک قرار دیا گیا ہے، عالمی سطح پر جاپان اور جنوبی کوریا کے بعد اسے سب سے زیادہ مایوس قوموں میں شمار کیا گیا۔ یہ سروے یورپ، ایشیا، شمالی اور جنوبی امریکہ کے 18 ممالک میں 18 سے 75 سال کی عمر کے 19 ہزار افراد سے کیا گیا۔ اِس میں انکشاف ہوا کہ ایک تہائی برطانوی بالغ افراد ذہنی مسائل کا شکار ہیں جبکہ 30 فیصد لوگ شدید ڈپریشن، اضطراب اور دباؤ میں مبتلا ہیں جس کی وجہ روزمرہ زندگی کا دباؤ، معاشی مسائل اور سماجی تنہائی بتائے گئے ہیں۔ وہاں بچوں کی ذہنی صحت کی صورتحال بھی تیزی سے بگڑ رہی ہے، ہر 10 میں سے ایک بچے میں کسی نہ کسی ذہنی بیماری کی تشخیص ہوئی ہے۔ تحقیق کے مطابق، مجموعی درجہ بندی میں جاپان اور جنوبی کوریا پہلے دو نمبر پر رہے، جہاں شہری زندگی کے دباؤ اور کام کے طویل اوقات ذہنی مسائل کی بڑی وجوہات ہیں۔ سروے میں شامل ممالک میں ذہنی صحت کے اعتبار سے تھائی لینڈ پہلے، سوئٹزرلینڈ دوسرے اور چین تیسرے نمبر پر رہا۔ اس کے بعد بالترتیب میکسیکو، فلپائن اور دنیا کا ترقی یافتہ ملک امریکہ چھٹے نمبر پر آیا۔ فرانس ساتویں، ہانگ کانگ آٹھویں، سپین نویں، جرمنی دسویں، ترکیہ گیارہویں، چھٹے نمبر ہارہویں، آئرلینڈ تیرہویں، اٹلی چودھویں اور برازیل پندرہویں نمبر پر رہا۔ برطانیہ سولہویں، جنوبی کوریا سترہویں جبکہ جاپان سب سے آخری، یعنی اٹھارہویں نمبر پر قرار پایا۔ یہ بات درست ہے کہ ڈپریشن اب پوری دنیا کے لئے سماجی، معاشی اور انسانی بحران کی صورت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ مغربی دنیا کو اگرچہ ترقی، خوشحالی اور بہترین طبی سہولیات کی علامت سمجھا جاتا ہے تاہم یہ اعداد و شمار اِس حقیقت کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ صرف معاشی ترقی انسان کو ذہنی سکون فراہم نہیں کر سکتی، تیز رفتار زندگی، بے پناہ مسابقت، خاندانی نظام کی کمزوری، سماجی تنہائی، ڈیجیٹل دنیا کے مصنوعی تعلقات، مہنگائی، ملازمت کا دباؤ اور مستقبل کے بارے میں غیر یقینی صورتحال نے ترقی یافتہ معاشروں میں ذہنی بیماریوں کو خطرناک حد تک بڑھا دیا ہے۔ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے مطابق اِس وقت دنیا بھر میں قریباً 28 کروڑ افراد ڈپریشن کا شکار ہیں جبکہ ہر سال لگ بھگ سات لاکھ سے زائد افراد خودکشی کرتے ہیں۔ امریکہ میں ہر سال دو کروڑ سے زائد افراد کو شدید ڈپریشن کا سامنا ہے جبکہ یورپی ممالک میں ذہنی بیماریوں پر آنے والے اخراجات سینکڑوں ارب یورو تک پہنچ گئے ہیں۔

یہ بحران صرف مغربی دنیا تک محدود نہیں بلکہ ترقی پذیر ممالک بھی تیزی سے اِس کی لپیٹ میں آ رہے ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ کے کئی ممالک گزشتہ کئی دہائیوں سے جنگوں، سیاسی عدم استحکام، غربت اور جبری نقل مکانی جیسے مسائل کا شکار ہیں جنہوں نے لاکھوں افراد کی ذہنی صحت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ فلسطین، شام، یمن، عراق اور افغانستان جیسے خطوں میں مسلسل کشیدگی نے بچوں، نوجوانوں اور خواتین میں ذہنی امراض کی شرح کو عالمی اوسط سے کہیں زیادہ بڑھا دیا ہے۔ ورلڈ پاپولیشن ریویو کے مطابق شام میں ہر ایک لاکھ میں سے 44.8 فیصد افراد ڈپریشن کا شکار ہیں اور یہ شرح دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ تیونس میں 35.6، لبنان میں 12.6، یونان میں 09.6 اور ترکیہ میں 67.5 فیصد ہے۔ پاکستان کی صورتحال بھی کسی طور اطمینان بخش نہیں ہے، مختلف قومی و بین الاقوامی تحقیقات اور سروے کے مطابق ملک میں قریباً 30 سے 35 فیصد بالغ افراد زندگی کے کسی نہ کسی مرحلے پر ڈپریشن یا اضطراب کا شکار ہوتے ہیں جبکہ خواتین میں یہ شرح نسبتاً زیادہ ہے۔ بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری، تعلیمی دباؤ، خاندانی تنازعات، منشیات، سوشل میڈیا پر غیر حقیقی طرزِ زندگی کا فروغ، دوسروں سے مسلسل موازنہ اور مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی کیفیت نوجوان نسل کو شدید ذہنی دباؤ میں مبتلا کر رہی ہے۔ اِس سے بھی زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ پاکستان میں ذہنی صحت کی سہولیات نہایت محدود ہیں، ماہرینِ نفسیات اور سائیکاٹرسٹس کی تعداد آبادی کے لحاظ سے انتہائی کم ہے اور دیہی علاقوں میں تو ایسی سہولیات تا حال ناپید ہیں۔ ذہنی مسائل پر قابو پانے کے لئے سب کو مل کر کوشش کرنی ہو گی۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ ذہنی صحت کو قومی ترجیحات میں شامل کرے اور صحت کے بجٹ میں اس کے لئے خاطر خواہ وسائل مختص کرے، ہر ضلعے میں نفسیاتی علاج کی معیاری سہولیات فراہم کی جائیں، تعلیمی اداروں میں تربیت یافتہ ماہرینِ نفسیات تعینات کرنے کے علاوہ ایسے نصاب اور پروگرام متعارف کرائے جائیں جو بچوں اور نوجوانوں کو ذہنی دباؤ سے نبٹنے کی صلاحیت فراہم کریں۔ آگہی مہمات کے ذریعے ذہنی بیماریوں کے بارے میں آگاہی پیدا کی جائے تاکہ معاشرے میں موجود غلط تصورات کا خاتمہ ہو سکے۔ والدین کو چاہئے کہ وہ بچوں پر غیر ضروری تعلیمی اور معاشی توقعات کا بوجھ ڈالنے کے بجائے اُن کے جذبات کو سمجھیں، اِن سے بات چیت کریں، محبت اور اعتماد کا ماحول فراہم کریں۔ اِسی طرح نوجوانوں کو بھی سوشل میڈیا کے غیر متوازن استعمال سے گریز، جسمانی ورزش، مطالعہ، مثبت سماجی سرگرمیوں اور صحت مند طرزِ زندگی کو اپنانا ہو گا۔ علما، روحانی شخصیات اور اسلامی اسکالرز کو بھی اس حوالے سے لوگوں میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے موثر کردار ادا کرنا چاہئے۔ ڈپریشن کی اس خاموش عالمی وبا کو کمزوری نہیں، بلکہ ایک قابلِ علاج بیماری سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا لازم ہے جہاں ہر فرد بلا خوف و ہچکچاہٹ اپنی ذہنی کیفیت بیان کر سکے، بروقت مدد حاصل کرے اور خود کو تنہا محسوس نہ کرے۔ شعور اور ہمدردی کے ذریعے ہی ایک صحت مند، پُراُمید اور متوازن معاشرے کی مضبوط بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔

پنجاب کے وزیر تعلیم اُستاد کیوں بننا چاہتے ہیں؟

پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بھی اپنی ہی دنیا سجائی ہوئی ہے وہ اپنی وزارت کو بھی اسی دنیا کے گرد گھما رہے ہیں اب انہوں نے یہ اعلان کیا ہے کہ ستمبر میں سکولوں کے کھلنے پر وہ خود بھی سکولوں میں جا کر پڑھائیں گے۔ واہ جی واہ۔ وہ بی اے پاس ہیں اور ٹیچر کے لئے کم از کم تعلیم بی اے بی ایڈ ہوتی ہے مگر چونکہ وہ ٹھہرے تعلیم کے پردھان منتری اِس لئے اُن پر کوئی شرط عائد نہیں ہو سکتی۔ اب اس پر حیران ہونے کی ضرورت نہیں کہ ایک وزیر سکول ٹیچر بن کر کیا انقلاب لانا چاہتا ہے، اب اگر بہتری کے اس فارمولے کو مان لیا جائے تو کل کلاں پٹرولیم کے وفاقی وزیر یہ کہہ سکتے ہیں لاہور کے کسی پٹرول پمپ پر وہ پٹرول ڈالنے کی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ علی پرویز ملک جو آج کل روزانہ قیمتیں بڑھنے کے حوالے سے تنقید کی زد میں ہیں شاید اس طریقے سے عوام کے غصے کو قہقہوں میں بدل سکیں۔ جب کارکردگی صفر ہو تو اپنی اہمیت برقرار رکھنے کے لئے کئی پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔ رانا سکندر حیات پہلے ہی اساتذہ کے بارے میں اُلٹی سیدھی باتیں کر کے تنقید بھری داد سمیٹ چکے ہیں بعد ازاں انہیں معافی مانگنے بھی دیکھا گیا، اب وہ استاد بن کر کیا سکھانا چاہتے ہیں۔ ہمارے ایک دوست ڈاکٹر اسلم ڈوگر جو حکومتوں کے ترجمان رہے ہیں اور جانتے ہیں بیانیہ کیسے بنایا جاتا ہے۔ رانا سکندر حیات کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے رہتے ہیں، حال ہی میں انہوں نے ایک پوسٹ میں لکھا کہ وزیر تعلیم سے ملنے والے بتاتے ہیں کہ وہ تکبر اور خودستائی میں مبتلا ایک ایسے انسان ہیں جو دوسروں کی عزت کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ انہوں نے رانا سکندر حیات کے سکولوں میں پڑھانے کے اعلان پر انہیں شکاگو کے ایک میئر کی کہانی سنائی ہے۔ شکاگو میں آگ لگ گئی تو میئر صاحب خود موقع پر پہنچ گئے، فائر مین آگ بجھا رہے تھے تو اس سکندر حیات برانڈ میئر کو غصہ آ گیا۔ اُس نے ایک فائر مین سے پانی کا پائپ چھینا اور خود آگ پر پانی برسانے لگے۔ اگلے دن شکاگو کے ایک اخبار نے میئر کی آگ بجھاتے ہوئے تصویر شائع کی اور کیپشن میں لکھا اگر میئر صاحب دفتر میں بیٹھ کے اپنا کام کر رہے ہوتے، تو آگ پر جلد قابو پایا جا سکتا تھا۔ اس پر ڈاکٹر اسلم ڈوگر نے یہ نتیجہ اُخذ کیا کہ رانا سکندر حیات اگر دفتر میں بیٹھ کے اپنا کام دلجمعی سے کریں تو پنجاب کے تعلیمی شعبے میں انقلاب آ سکتا ہے۔

بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی، یہاں شعبدہ بازی زیادہ ہوتی ہے اور کام کم ہوتا ہے۔ جب سے ٹک ٹاک اور سوشل میڈیا کا زمانہ آیا، اب شوشا زیادہ آگئی ہے جس افسر کو دیکھو وہ ویڈیو میں آنے کے جنون میں مبتلا ہے۔ آج کل لاہور میں پانی ہی پانی ہے تو لاہور کے انتظامی افسر ایک دو جگہ پانی میں کھڑے ہو کر ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈال دیتے ہیں۔ پانی تو وہی کا وہیں رہتا ہے لیکن اُن کی بے بلے ہو جاتی ہے۔ بات ہو رہی تھی رانا سکندر حیات کی، سوال تو یہ بھی بنتا ہے کہ سکولوں میں پڑھا کر وہ کتنے بڑے تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھیں گے؟ ایک وزیر کا کام صوبے بھر میں تعلیمی سرگرمیوں کو ہموار اور یقینی بنانا ہے۔ وہ سکول میں جا کے یہ تو ضرور بتائیں گے پچو دیکھو میں تمہارا وزیر تعلیم ہوں، لیکن تمہارے اساتذہ کے اچھا پڑھانے میں ناکامی کی وجہ سے خود پڑھانے آیا ہوں، پھر ظاہر ہے وہاں کیمرہ مین بھی ہوں گے اور ریکارڈنگ کرنے والے بھی، ایسے میں بچوں کا اُن کے لیکچر پر انہماک کیسے برقرار رہے گا پھر یہ تو سیدھی سادی اُن اساتذہ کی توہین ہے جو جی جان سے سردی، گرمی، بھی پنکھے کی موجودگی اور کبھی بجلی بند ہونے کے باوجود انہیں تعلیم دیتے ہیں۔ انہیں اپنا کام کرنے دیں صوبے سے تحصیل تک موجود مانیٹرنگ کے نظام کو متحرک کریں، کوئی استاد اگر کلاس نہیں لے رہا، اُس کی نشاندہی کروا کے خلاف کارروائی کریں، پہلے ہی ہم افسروں کی کھلی کچہریوں کے ڈرامے سے تنگ ہیں، اُن سے گورننس میں کون سی بہتری آ گئی ہے۔ اب صوبے کا وزیر تعلیم سکولوں میں کلاسیں پڑھائے گا تو تعلیمی نظام میں کیا تبدیلی آئے گی یہ صرف شعبدہ بازی ہے جس سے گریز کرنے کی ضرورت ہے پہلے ہی صوبے میں ہزاروں سکولوں کو آؤٹ سورس کر کے تعلیم کو نئے بحران سے دوچار کر دیا گیا ہے کیونکہ اِن آؤٹ سورس ہونے والے سکولوں کے لئے کوئی مانیٹرنگ نظام بنایا گیا ہے اور نہ کوالیفائیڈ اساتذہ کی تقرری پر نظر رکھی جا رہی ہے۔ پنجاب اسمبلی کے اندر آوازیں اُٹھ رہی ہیں کہ ایم فل اساتذہ کو بھی آٹھ دس ہزار ماہانہ تنخواہ دی جا رہی ہے۔ وزیر تعلیم سیدھا اساتذہ کی طرف اپنا رخ روشن نہ رکھیں بلکہ اُس انتظامی ڈھانچے کی بھی خبر لیں جو سیکرٹری تعلیم سے لے کر تحصیل ایجوکیشن افسر تک موجود ہے۔ اس کا کیا کام ہے اور وہ سکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کی کیسے نگرانی کر رہا ہے۔

رانا سکندر حیات کی شخصیت ظاہراً بہت دبنگ ہے وہ چست پینٹ شرٹ پہن کر رعب دار انداز میں بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کئی بار اساتذہ کو کھلی وارننگ دی ہے کہ اگر انہوں نے صحیح طریقے سے نہ پڑھایا تو وہ انہیں نکال دیں گے۔ ایک وزیر کیسے یہ مغلیہ انداز اختیار کر سکتا ہے۔ ہر استاد ایک طریقہ کار کے مطابق بھرتی ہوا ہے اُسے کسی نے بخشش میں نوکری نہیں دی۔ احتساب کرنا ہے تو اُس کا طریقہ کار بھی مشتہر کیا جائے اور یہ کام محکمانہ طریقے سے ہونا چاہئے۔ اساتذہ کی جو تحقیر ہو جودہ وزیر تعلیم کے دور میں ہوئی ہے شاید ہی پہلے کبھی ہوئی ہو، یعنی اس عمل نے باقاعدہ ایک محاذ آرائی کی شکل اختیار کر لی۔ اب وزیر تعلیم غالباً یہ چاہتے ہیں جب وہ سکولوں میں جا کر پڑھائیں تو میڈیا پر واہ واہ کرا کے یہ پیغام دیں دیکھو یہ ہوتی ہے تعلیم، حالانکہ آج ہم جو کچھ بھی ہیں، وہ انہی اساتذہ کی بدولت ہیں، جنہوں نے نامساعد حالات کے باوجود ٹوٹے پھوٹے سکولوں، ٹاٹوں اور سخت موسموں میں ہمیں تعلیم دی اور اس معاشرے کو آگے بڑھانے کا فرض ادا کیا۔

نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

روح العظیم، امیر العظیم، امیر العظیم!

اللہ رب العزت جب کسی سے خوش ہوتا ہے رب کریم جس انسان فانی سے راضی ہوتا ہے تو وہ اپنے فرشتوں سے کہتا ہے کہ جاؤ لوگوں کو بتاؤ کہ یہ اللہ رب العزت کا پسندیدہ بندہ ہے فرشتے اس شخص کے ہم نفسوں کے کانوں میں سرگوشی کرتے ہیں کہ یہ شخص اللہ کا پسندیدہ بندہ ہے اس شخص کے ہم نواؤں کو القا کیا جاتا ہے کہ یہ اللہ کا پسندیدہ بندہ ہے اللہ اِس سے راضی ہے تم بھی راضی ہو جاؤ۔ پھر اِس شخص کے بارے میں اچھا ہونے کا تصور قائم ہونے لگتا ہے۔ معاشرے میں اس کی شرافت اور پاکیزگی کی باتیں ہونے لگتی ہیں۔ ہمارے ہمدم دیرینہ امیر العظیم ایسے ہی نفوس کریم و حمید میں سے تھے ان کے بارے میں عام تاثر یہی ہے کہ ”عظیم بھائی اچھے ہیں“ انہیں ملنے والا ہر شخص ان کا گرویدہ ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا وہ جس سے بھی ملتے اُس پر نفسِ مطمئنہ کا تاثر چھوڑ جاتے۔ وہ اپنے دوستوں کے لئے اطمینان و طاقت کا نشان ہی نہیں، بہت بڑی سورس تھے۔ جنت دوزخ کے بارے میں تو کچھ نہیں کہا جا سکتا ہے لیکن اگر کسی کے بارے میں تصور کیا جا سکتا ہے، سوچا جا سکتا ہے اور توقع کی جا سکتی ہے کہ اللہ رب کریم اسے جنت الفردوس میں جگہ ضرور دے گا، کسی شخص کی دنیوی زندگی کی پاکیزگی اور خشیت اللہ دیکھ کر توقع کی جا سکتی ہے کہ اللہ رب کریم اس نفس کو یقیناً جنت الفردوس میں جگہ دے گا تو امیر العظیمؒ ایسے ہی نفوس کریم میں شامل ہوں گے جو اللہ کی رضا سے یقیناً جنت الفردوس میں مکین ہوں گے۔

جماعت اسلامی سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی فکر کی تشکیل ہے جس کا مقصد قیام نظام اسلام ہے اور اس مقصد کے لئے ایسے مردانِ کار پیدا کرنا ہے جو اسوہ النبی کے مطابق اپنی زندگیاں گزاریں۔ اللہ اور اس کے رسول کے بتائے ہوئے راستوں پر چلیں۔ جماعت اسلامی کا تنظیمی ڈھانچہ ایک طرف فرد کی سیرت و کردار کی تشکیل میں مددگار ہوتا ہے۔ دوسری طرف نظم اجتماعی کے ذریعے افراد کو ایک موثر قوت بناتا ہے۔ امیر العظیمؒ جماعت اسلامی کی اس پالیسی کا چلتا پھرتا نمونہ تھے سب لوگ جانتے ہیں کہ وہ جماعت اسلامی کے مرکزی رہنماؤں میں شمار کئے جاتے تھے۔ ایک عرصہ تک وہ جماعت اسلامی کے مرکزی شعبہ نشر و اشاعت کے سیکرٹری رہے اپنی اسی حیثیت میں انہوں نے جماعت اسلامی کے صاف و شفاف چہرے کو عامۃ الناس میں متعارف کرایا۔ نشر و اشاعت کے چھوٹے بڑے مراکز، میڈیا ہاؤسز، رائے عامہ کی تشکیل کرنے والے اصحاب، میڈیا ہاؤسز اور موثر افراد کے ساتھ ان کے قریبی رابطے قائم رہے، لوگ کسی بھی جماعت یا پارٹی کا منشور یا لٹریچر پڑھ کر بھی اس کے بارے میں رائے قائم نہیں کرتے، بلکہ اس جماعت یا پارٹی کے ذمہ داران کے ساتھ میل ملاقات، بات چیت اور عمومی روابط کے ذریعے اس پارٹی کے بارے میں رائے قائم کرتے ہیں۔ امیر العظیمؒ ایک ایسی پُرکشش شخصیت کے مالک تھے کہ جو بھی ان سے ملتا وہ ان کا گرویدہ ہو جاتا اور جس کے ساتھ وہ خود ملتے اُسے اپنا بنا لیتے تھے وہ چلتی پھرتی جماعت اسلامی تھے۔ جماعت اسلامی کے کٹر مخالفین بھی، نظریاتی طور پر دشمن بھی امیر العظیمؒ کی شخصیت سے متاثر ہوتے تھے۔ امیر العظیمؒ ہمہ وقت کسی بھی فرد کی دادرسی اور مدد کے لئے تیار رہتے تھے بلاتفریق رنگ و نسل اور فکر و عمل وہ لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے مستعد نظر آتے تھے۔ لوگ ان سے مل کر اپنے نجی و گھریلو معاملات میں بھی مشورہ طلب کر لیا کرتے تھے یہ بات میں ذاتی تجربے اور مشاہدے کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں کہ امیر العظیمؒ کو اللہ رب العزت نے صبر جمیل کے ساتھ کسی کی بات سننے کی صلاحیت عطاء کی تھی۔ وہ کسی کو بات کرتے ہوئے ٹوکتے نہیں تھے بات سنتے، تسلی سے سنتے اور پھر جب مخاطب چپ کرتا تو اُسے جواب دیتے۔ ویسے اللہ نے فطری طور پر انسان کو سننے کے لئے دو کان اور بولنے کے لئے ایک زبان عطا کی ہے فطرت کا منشاء یہی نظر آتا ہے کہ زیادہ سنا جائے اور کم بولا جائے۔ امیر العظیمؒ فطرت پر گامزن تھے زیادہ سننے والے اور کم بولنے تھے ان کا ہنستا مسکراتا چہرہ سننے والے کے لئے تسلی و تشفی کا باعث بنتا تھا۔

امیر العظیمؒ سے ہماری یادِ اللہ اُس وقت سے ہے جب وہ اسلامیہ کالج میں بی ایس سی کے طالبعلم اور ہم ایف ایس سی میں پڑھتے تھے آپ علاقہ شرقی کے ناظم تھے اور ہم حلقہ میاں میر کے ناظم، بطور ناظم علاقہ شرقی امیر العظیم صاحب ہمارے گھر تشریف لاتے تو ہماری اماں جیؒ کھل اٹھتیں کہ میرے بیٹے کا دوست آیا ہے۔ انفرادی ملاقات کے دوران اذان ہو جاتی تو امیر العظیمؒ ہمیں نماز باجماعت کے لئے مسجد لے جاتے، نماز پڑھتے ہوئے امیر العظیمؒ اپنے اردگرد سے مکمل طور پر کٹ جاتے اور پورے انہماک کے ساتھ اپنے رب کے حضور پیش رہتے۔ اس دور سے قائم ہونے والا تعلق گزشتہ روز ان کے جنازے تک قائم رہا۔ ہم آخری وقت تک سمجھتے رہے کہ ہم ان کے لئے دوکان اور بولنے کے لئے ایک زبان عطا کی ہے فطرت کا منشاء یہی نظر آتا ہے کہ زیادہ سنا جائے اور کم بولا جائے۔ مجھے یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ جب انہوں نے گارڈن ٹاؤن میں دفتر قائم کرنے کے لئے موجودہ عمارت خریدی تو ہمیں اس کا وزٹ کرایا۔ جب سپیشل ٹی وی قائم کیا تو ہمیں اس میں پروگرام کرنے کی دعوت دی۔ ہم نے بھی ریکارڈنگ کے طے شدہ شیڈول سے کبھی روگردانی نہیں کی ہمارے اب تک 500 سے زائد پروگرام نشر ہو چکے ہیں۔ انہوں نے یعنی امیر العظیمؒ نے ہمیں اپنا یوٹیوب چینل بنانے کی دعوت بھی دی اور اس کے لئے فنی و تکنیکی معاونت بھی فراہم کی۔

امیر العظیمؒ ایک چلتی پھرتی تحریک اسلامی تھے۔ ایک صالح اور پاکباز روح تھی جس نے جی بھر کر زندگی بتائی۔ توشہ آخرت کے حصول کے لئے رب کریم کی رضا کے حصول کے لئے مادی زندگی کو بھرپور انداز میں استعمال کیا۔ زندگی کا ایک ایک لمحہ جی بھر کر جیا۔ امیر العظیم نے اپنی جماعت کو امر کیا اور وہ بھی امر ہو گیا۔ اللہ رب کریم اس پاک روح کو جنت الفردوس میں جگہ دے گا۔ ضرور دے گا۔ میری نہیں، ہزاروں لاکھوں انسانوں کی التجاء ہے دُعا ہے گزارش ہے کہ اللہ اُنہیں اپنے حبیب کے صدقے جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

فرمودات قائد

یہ یاد رکھئے کہ انتقام اور قانون کی خلاف ورزیاں ہمیں کہیں کا نہ رکھیں گی اور بالآخر اس عمارت کی بنیادیں کمزور کر دیں گی جسے تعمیر کرنے کی حسرت برسوں سے آپ کے دل میں پل رہی تھی۔

(جلسہ عام، لاہور 30 اکتوبر 1947ء)

کرنٹ افیئرز

مصطفےٰ کمال پاشا

انکہی

کے وزیر تعلیم اُستاد کیوں بننا چاہتے ہیں؟

پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بھی اپنی ہی دنیا سجائی ہوئی ہے وہ اپنی وزارت کو بھی اسی دنیا کے گرد گھما رہے ہیں اب انہوں نے یہ اعلان کیا ہے کہ ستمبر میں سکولوں کے کھلنے پر وہ خود بھی سکولوں میں جا کر پڑھائیں گے۔ واہ جی واہ۔ وہ بی اے پاس ہیں اور ٹیچر کے لئے کم از کم تعلیم بی اے بی ایڈ ہوتی ہے مگر چونکہ وہ ٹھہرے تعلیم کے پردھان منتری اِس لئے اُن پر کوئی شرط عائد نہیں ہو سکتی۔ اب اس پر حیران ہونے کی ضرورت نہیں کہ ایک وزیر سکول ٹیچر بن کر کیا انقلاب لانا چاہتا ہے، اب اگر بہتری کے اس فارمولے کو مان لیا جائے تو کل کلاں پٹرولیم کے وفاقی وزیر یہ کہہ سکتے ہیں لاہور کے کسی پٹرول پمپ پر وہ پٹرول ڈالنے کی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ علی پرویز ملک جو آج کل روزانہ قیمتیں بڑھنے کے حوالے سے تنقید کی زد میں ہیں شاید اس طریقے سے عوام کے غصے کو قہقہوں میں بدل سکیں۔ جب کارکردگی صفر ہو تو اپنی اہمیت برقرار رکھنے کے لئے کئی پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔ رانا سکندر حیات پہلے ہی اساتذہ کے بارے میں اُلٹی سیدھی باتیں کر کے تنقید بھری داد سمیٹ چکے ہیں بعد ازاں انہیں معافی مانگتے بھی دیکھا گیا، اب وہ استاد بن کر کیا سکھانا چاہتے ہیں۔ ہمارے ایک دوست ڈاکٹر اسلم ڈوگر جو حکومتوں کے ترجمان رہے ہیں اور جانتے ہیں بیانیہ کیسے بنایا جاتا ہے۔ رانا سکندر حیات کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے رہتے ہیں، حال ہی میں انہوں نے ایک پوسٹ میں لکھا کہ وزیر تعلیم سے ملنے والے بتاتے ہیں کہ وہ تکبر اور خودستائی میں مبتلا ایک ایسے انسان ہیں جو دوسروں کی عزت کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ انہوں نے رانا سکندر حیات کے سکولوں میں پڑھانے کے اعلان پر انہیں شکاگو کے ایک میئر کی کہانی سنائی ہے۔ شکاگو میں آگ لگ گئی تو میئر صاحب خود موقع پر پہنچ گئے، فائر مین آگ بجھا رہے تھے تو اس سکندر حیات برانڈ میئر کو غصہ آ گیا۔ اُس نے ایک فائر مین سے پانی کا پائپ چھینا اور خود آگ پر پانی برسانے لگے۔ اگلے دن شکاگو کے ایک اخبار نے میئر کی آگ بجھاتے ہوئے تصویر شائع کی اور کیپشن میں لکھا اگر میئر صاحب دفتر میں بیٹھ کے اپنا کام کر رہے ہوتے، تو آگ پر جلد قابو پایا جا سکتا تھا۔ اس پر ڈاکٹر اسلم ڈوگر نے یہ نتیجہ اُخذ کیا کہ رانا سکندر حیات اگر دفتر میں بیٹھ کے اپنا کام دلجمعی سے کریں تو پنجاب کے تعلیمی شعبے میں انقلاب آ سکتا ہے۔

بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی، یہاں شعبدہ بازی زیادہ ہوتی ہے اور کام کم ہوتا ہے۔ جب سے ٹک ٹاک اور سوشل میڈیا کا زمانہ آیا، اب شوشا زیادہ آگئی ہے جس افسر کو دیکھو وہ ویڈیو میں آنے کے جنون میں مبتلا ہے۔ آج کل لاہور میں پانی ہی پانی ہے تو لاہور کے انتظامی افسر ایک دو جگہ پانی میں کھڑے ہو کر ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈال دیتے ہیں۔ پانی تو وہی کا وہیں رہتا ہے لیکن اُن کی بے بلے ہو جاتی ہے۔ بات ہو رہی تھی رانا سکندر حیات کی، سوال تو یہ بھی بنتا ہے کہ سکولوں میں پڑھا کر وہ کتنے بڑے تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھیں گے؟ ایک وزیر کا کام صوبے بھر میں تعلیمی سرگرمیوں کو ہموار اور یقینی بنانا ہے۔ وہ سکول میں جا کے یہ تو ضرور بتائیں گے پچو دیکھو میں تمہارا وزیر تعلیم ہوں، لیکن تمہارے اساتذہ کے اچھا پڑھانے میں ناکامی کی وجہ سے خود پڑھانے آیا ہوں، پھر ظاہر ہے وہاں کیمرہ مین بھی ہوں گے اور ریکارڈنگ کرنے والے بھی، ایسے میں بچوں کا اُن کے لیکچر پر انہماک کیسے برقرار رہے گا پھر یہ تو سیدھی سادی اُن اساتذہ کی توہین ہے جو جی جان سے سردی، گرمی، بھی

ٹیکس کے نفاذ کے بعد سے ملک بھر میں ہوٹلوں کی بکنگ میں 18 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر ظفر اقبال کھوکھر نے کہا کہ ’’ہم حکومت کے خلاف نہیں، لیکن ہوٹل انڈسٹری پہلے ہی کورونا کے بعد مشکل سے سنبھل رہی تھی۔‘‘ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیکس کی شرح کو کم از کم 10 فیصد تک لایا جائے۔

ٹیکس کے نفاذ کے بعد سے ملک بھر میں ہوٹلوں کی بکنگ میں 18 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر ظفر اقبال کھوکھر نے کہا کہ ’’ہم حکومت کے خلاف نہیں، لیکن ہوٹل انڈسٹری پہلے ہی کورونا کے بعد مشکل سے سنبھل رہی تھی۔‘‘ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیکس کی شرح کو کم از کم 10 فیصد تک لایا جائے۔

ٹیکس کے نفاذ کے بعد سے ملک بھر میں ہوٹلوں کی بکنگ میں 18 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر ظفر اقبال کھوکھر نے کہا کہ ’’ہم حکومت کے خلاف نہیں، لیکن ہوٹل انڈسٹری پہلے ہی کورونا کے بعد مشکل سے سنبھل رہی تھی۔‘‘ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیکس کی شرح کو کم از کم 10 فیصد تک لایا جائے۔

ٹیکس کے نفاذ کے بعد سے ملک بھر میں ہوٹلوں کی بکنگ میں 18 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر ظفر اقبال کھوکھر نے کہا کہ ’’ہم حکومت کے خلاف نہیں، لیکن ہوٹل انڈسٹری پہلے ہی کورونا کے بعد مشکل سے سنبھل رہی تھی۔‘‘ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیکس کی شرح کو کم از کم 10 فیصد تک لایا جائے۔

ٹیکس کے نفاذ کے بعد سے ملک بھر میں ہوٹلوں کی بکنگ میں 18 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر ظفر اقبال کھوکھر نے کہا کہ ’’ہم حکومت کے خلاف نہیں، لیکن ہوٹل انڈسٹری پہلے ہی کورونا کے بعد مشکل سے سنبھل رہی تھی۔‘‘ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیکس کی شرح کو کم از کم 10 فیصد تک لایا جائے۔

اسلام آباد پولیس کے خدمت مراکز کی کارکردگی رپورٹ جاری

خدمت مراکز پر شہریوں کو 21160 کریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کئے گئے

مقصد شہریوں کے مسائل کا بروقت حل اور عوام کی خدمت کو مزید مؤثر بنانا، آئی جی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے رواں سال کے دوران پولیس خدمت مراکز کے ذریعے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی تفصیلی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں قائم 12 جدید پولیس خدمت مراکز شہریوں کو ایک ہی چھت تلے مختلف پولیس سروسز فراہم کر رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق ایف سکس، جی نائن، ڈیلوپمنٹ انکلیو ایچ الیون بنی گالہ چیمبر آف کامرس، سواں گارڈن کھنہ جی 14 گلبرگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

وزیر مملکت وجیہہ قمر سے ریکٹر الفارابی قازق نیشنل یونیورسٹی کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

تعلیمی و سائنسی تعاون کا فروغ قازقستان پاکستان ریسرچ سینٹر کے قیام پر اتفاق

وزیر مملکت وجیہہ قمر سے چیئرمین الفارابی قازق نیشنل یونیورسٹی بورڈ اور ریکٹر پروفیسر ژانسیت تویمبایف کی ملاقات

مضبوط تعلیمی شراکت داریاں علم، جدت اور باہمی تعاون مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ناگزیر ہیں، وزیر مملکت کی گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) جمہوریہ قازقستان کے سرکاری دورے کے دوران وفاقی وزیرِ مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، وجیہہ قمر نے الفارابی قازق نیشنل یونیورسٹی کے بورڈ آف مینجمنٹ کے چیئرمین اور ریکٹر پروفیسر ژانسیت تویمبایف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور قازقستان کے درمیان اعلیٰ تعلیم، تحقیق، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے مفاہمتی یادداشت کے تحت الفارابی قازق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ہیپاٹائٹس مرض خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا، خاقان خواجہ

عوام میں آگاہی مہم چلانا ہوگی، چیئرمین راول فاؤنڈیشن کا سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس کے مرض میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ اس مرض کے خاتمے کے لیے ہمیں ہنگامی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا عوام کو آگاہی مہم کے ذریعے بتانا ہوگا کہ ہم ہیپاٹائٹس کے مرض سے کیسے بچ سکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بات راول انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام راول ہاسپٹل کے سمپوزیم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہے، مولانا نعمان

خوش بخت ہیں وہ والدین جو اپنے پیچھے نیک اولاد چھوڑ گئے، محفل سے خطاب

اڈیالہ (نامہ نگار) نیک اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ خوش بخت ہیں وہ والدین جو اپنے پیچھے نیک اولاد چھوڑ گئے۔ باپ اولاد کے سر کا تاج اور ماں کے پاؤں تلے جنت ہے۔ باپ کی جدائی کا غم اولاد کے دلوں میں تا حیات زندہ رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مولانا سید نعمان حیدر شاہ مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ چک شہزاد اسلام آباد نے چشتی برادران کے بھائی گل محمد چشتی کے ایصال ثواب کیلئے منعقدہ محفل چہلم کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ محفل پاک کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گوجرخان کی بہتری کیلئے کردار ادا کرتا رہوں گا، اعجاز کیانی

میگا پراجیکٹ کی بروقت تعمیر کے لئے متعلقہ ادارے پوری طرح متحرک

گوجرخان (بیورو رپورٹ) بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز قمر کیانی نے کہا کہ گوجرخان شہر کی خوبصورتی اور بہتری کے لئے اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کرتا رہوں گا، انڈر پاسز اور سروس روڈز کی تعمیر سے ایک نئے خوبصورت گوجرخان کا چہرہ سامنے آئے گا، میگا پراجیکٹ کی بروقت تعمیر کے لئے متعلقہ ادارے پوری طرح متحرک ہیں، شہر کے اندر اتنے بڑے منصوبے کے لئے کچھ تکلیف اور مشکلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پاکستان اور تاجکستان مختلف شعبوں میں تعاون کے بے شمار مواقع، تاجک سفیر

تعلیم، تجارت اور میڈیا تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جائینگے، یوسف شریف زادہ

پاکستان۔تاجکستان ایجوکیشنل اینڈ میڈیا کنسلٹنسی آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں جمہوریہ تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تعلیم، تجارت، سیاحت اور میڈیا کے شعبوں میں تعاون کے بے شمار مواقع موجود ہیں اور دونوں برادر ممالک کو باہمی روابط کو مزید مضبوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنائینگے، فیصل کریم

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ماشخیل چیک پوسٹ پر ہونے والے دہشت گرد حملے میں تیرہ سو کلوگرام سے زائد بارودی مواد استعمال کیا گیا، جو دہشت گردوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بھارت کو چین، پاکستان کی عسکری طاقت کا خوف

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین اور پاکستان سے دشمنی میں بھارت کا جنون بڑھتا جا رہا ہے جس کا ثبوت 2035 تک بھارتی نیوی میں 200 جنگی جہازوں کی شمولیت کا منصوبہ ہے۔ ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے مطابق ہر چھ ہفتے یا اس کے بعد بھارتی شپ یارڈ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اڈیالہ، 12 ربیع الاول کی تیاریاں شروع

اڈیالہ (نامہ نگار) اللہ پاک نے اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کے ذکر کو بلند سے بلند تر فرما دیا۔ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کی ذاتِ مبارکہ اپنی جانوں سے بھی بڑھ کر عزیز ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

فیڈرل بورڈ: میٹرک نتائج بدھ کو جاری ہونے کا امکان

آخری مرحلے کی کارروائیاں طے شدہ شیڈول کے مطابق مکمل ہو گئیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر): فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (FBISE) کے زیر اہتمام نہم اور دہم جماعت کے سالانہ امتحانات 2026 کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، دامن کوہ کے پرفضا مقام پر شہریوں کی بڑی تعداد خوبصورت نظاروں سے لطف اندوز ہو رہی ہے

سیاسی تبدیل وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان مربوط رابطے کا فیصلہ

وفاقی وزیر پلاننگ کی زیر صدارت اجلاس، تمام ادارے الرٹ، مون سون میں انسانی جانوں اور انفراسٹرکچر کے تحفظ کا عزم

مون سون خطرات سے نمٹنے کیلئے وفاقی، صوبائی اور ضلعی اداروں کے درمیان مضبوط رابطہ اور ہم آہنگی ناگزیر ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم پاکستان کی ہدایات پر قائم کردہ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی' کا پانچواں اہم اجلاس این ڈی ایم اے (NDMA) ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال نے ویڈیو لنک کے ذریعے کی، جبکہ وفاقی وزراء ڈاکٹر مصدق ملک، رانا تنویر حسین اور شزہ فاطمہ بھی بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔ اجلاس میں چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک، این ڈی ایم اے کے اعلیٰ افسران اور متعلقہ اداروں کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ملک بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ایران پر حملوں سے متعلق امریکی قیادت میں اختلافات

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے ایران کے خلاف جنگ کو مزید وسعت دینے کے ممکنہ نتائج پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 2)

دکانوں کے تہہ خانوں میں بارش کا پانی داخل، بریگیڈیر اعجاز کا نوٹس

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر کے انڈر پاسسز میگا پراجیکٹ پر جاری کام کو بارش کے موسم میں عارضی طور پر روکا جا سکتا ہے کیونکہ کھدائی کے گئے گڑھوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

جنوبی لبنان پر اسرائیلی بمباری، نبطیہ میں بڑا دھماکہ

بیروت (آئی این پی) جنوبی لبنان کے قصبے کفر تنبیت اور مرکبا پر اسرائیل کی جانب سے تباہ کن بمباری کی گئی جبکہ قصبے زاوتر الغربیہ میں اسرائیلی فوج کے انخلا کے بعد سرچ اینڈ ریسکیو ٹیموں نے ملبے تلے سے 4 افراد کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ لبنان کی سرکاری نیشنل نیوز ایجنسی کے مطابق جنوبی لبنان کے علاقے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

والی بال چیمپئن شپ، پاکستان اور بنگلہ دیش سیمی فائنل میں پہنچ گئے

قومی ٹیم نے ازبکستان کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 3-0 سے شکست دی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کاوا مینز والی بال چیمپئن شپ 2026 کے پانچویں روز تین دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کھیلے گئے جن میں سری لنکا بنگلہ دیش اور میزبان پاکستان نے شاندار فتوحات حاصل کیں دن کے پہلے میچ میں سری لنکا نے قازقستان کو 3-0 سے شکست دے کر ایونٹ میں اپنی ایک اور اہم کامیابی اپنے نام کی دوسرے میچ میں بنگلہ دیش نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 1)

صفر المظفر عظیم اکابرین اُمت کے اعراس مبارکہ کا مہینہ، پیر حسان

برین اہلسنت نے، اُمت میں دوریاں مٹانے کیلئے کلیدی کردار ادا کیا، مفتی ابراہیم

راولپنڈی (پ ر) دربارِ عالیہ عیدگاہ شریف میں حضور نبی کریم ﷺ کے ماہانہ ارفع و اعلیٰ میلادِ پاک بارہویں شریف کے موقع پر اعراس اکابرین اہلسنت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت سجادہ نشین وعالم اسلام کے ممتاز مذہبی و روحانی پیشوا پیر محمد نقیب الرحمن نے کی جبکہ مفتی اعظم پاکستان مفتی منیب الرحمان، علامہ پیر محمد اجمل رضا قادری اور مفتی محمد ابراہیم قادری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

آئل ٹینکرز کی سپلائی کسی صورت بند نہیں ہوگی، میر شمس شاہوانی

حکومت کرپٹ مافیا کے خلاف مؤثر کارروائی کرے، چیئرمین آئل ٹینکر مالکان

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آل پاکستان آئل ٹینکر اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر شمس شاہوانی نے واضح کیا ہے کہ ملک بھر میں آئل ٹینکرز کی سپلائی کسی بھی صورت معطل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 2)

اسلام آباد پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سابق سیکرٹری شاہد شفیع کی جانب سے دیئے گئے راولپنڈی ہاکی ایسوسی ایشن کے اعزاز میں ڈنر کے موقع پر محمد اخلاق عثمانی، ذوالفقار بیگ ظہیر الحق، محمد زاہد واپڈا کوچ، طاہر شیرازی، استاد رشید اور محمد زاہد مورگاہ موجود ہیں

نمل یونیورسٹی میں GSE تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا انعقاد

چیمپئن شپ میں 500 سے زائد ایتھلیٹس نے حصہ لیا، عون ہمدانی

اسلام آباد (پ ر) نمل یونیورسٹی میں منعقدہ GSE تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا شاندار انعقاد آرگنائزنگ کمیٹی کے سید محمد عون ہمدانی GSE مینیجر آپریشن۔ نے کہا کہ اس چیمپئن شپ میں 500 سے زائد ایتھلیٹس نے حصہ لیا جس پر میں اسلام آباد تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے تمام عہدیداران اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ صدر اسلام آباد تائیکوانڈو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 2)

اسلام آباد تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں کھلاڑیوں و ایتھلیٹس میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے جا رہے ہیں

بنی گالا کے لوگ بنیادی حق گیس کی سہولت سے محروم ہیں، جاوید انتظار

ایکشن کمیٹی تشکیل دیں گے جو بنی گالا کے آئینی حقوق ولائحہ عمل طے کرے گی

اسلام آباد (پ ر) بنی گالا کے لوگ بنیادی آئینی حق گیس کی سہولت سے محروم ہیں۔ آئین پاکستان میں جب زمین کی رجسٹری ہو جائے۔ زمین خریدنے والا حکومت پاکستان کو رجسٹری کی مد میں ٹیکس ادا کرتا ہے۔ جب وہ ٹیکس دے دیتا ہے تو آئین پاکستان کے تحت بنیادی ضرورت زندگی بجلی، پانی، گیس اسکا بنیادی آئینی حق ہے۔ جس پر عملداری ریاست اور حکومت کا اولین فرض ہے۔ اہلیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 2)

نوجوان شعور، نظم وضبط کیساتھ تنظیمی وملی ذمہ داریاں ادا کریں، شبیر میشی

کارکنان دینی، ملی اور سماجی ذمہ داریوں کو اخلاص، بصیرت کیساتھ انجام دیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی اجلاس عاملہ سے مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان اور مرکزی رکن نظارت جے ایس او پاکستان، ڈاکٹر شبیر حسن میشی نے خطاب کرتے ہوئے جے ایس او پاکستان کی تنظیمی فعالیت، درپیش تنظیمی امور، ملی و عالمی حالات حاضرہ اور نوجوانوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 2)

سیکرٹری WWF ذوالفقار احمد کا FFC سینٹر گوٹھ ماچھی صادق آباد کا دورہ

تربیتی سرگرمیوں، جدید سہولیات اور جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ورکرز ویلفیئر فنڈ (WWF) کے سیکرٹری * ذوالفقار احمد * نے سی بی اے ورکرز یونین کے نمائندوں کے ہمراہ ایف ایف سی لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر گوٹھ ماچھی صادق آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پروجیکٹ منیجر آصف شفیع نے معزز مہمان اور ان کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ بعد ازاں آصف شفیع نے سیکرٹری ورکرز ویلفیئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 2)

اسلام آباد پولیس کا سرچ آپریشن، 12 مشکوک افراد تھانہ منتقل

350 افراد، 143 گھروں اور 583 موٹر سائیکلوں کی چیکنگ، اسلحہ برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے خاتمے اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کیے گئے۔ آپریشنز زون ایس پیز کی نگرانی میں انجام دیے گئے۔ پولیس کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران 350 افراد، 143 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی، عیدگاہ شریف میں مفتی منیب الرحمن، پیر نقیب، پیر حسان حسیب، مولانا اجمل رضا قادری و دیگر میلاد سے خطاب کر رہے ہیں

خواتین نے فیصلہ سنا دیا، کشمیر میں لیگی حکومت آ گئی ہے اورنگزیب

وزیراعظم شہباز شریف آزاد کشمیر کے عوام کی فلاح کے لئے دن رات کوشاں ہیں، مخالفین صرف پنجاب پر تنقید کرتے ہیں

لیگی قیادت حقیقی معنوں میں عوام کی امنگوں کی ترجمان ہے، سینئر وزیر برائے پنجاب کا راولپنڈی میں تقریب سے خطاب

راولپنڈی (آئی این پی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ مظفرآباد، میرپور اور راولپنڈی کی خواتین نے فیصلہ سنا دیا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات میں جیت ن لیگ کی ہوگی۔ راولپنڈی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم اورنگزیب کا کہنا تھا ن لیگ کی قیادت حقیقی معنوں میں عوام کی امنگوں کی ترجمان ہے، آزاد کشمیر کے عوام نواز شریف اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

اقتدار میں آ کر عوام کی تقدیر بدل دیں گے، حنیف مغل

ہم عوام کے مسائل کو حل کرنے کا عزم کیے ہوئے ہیں، چیئرمین تحریک شاد باد

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان تحریک شاد باد کے چیئرمین ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں کوئی ایسا علاقہ نہیں ہے جس کے مسائل سے ہم واقف نہیں ہیں انشاء اللہ ہم اقتدار میں آ کر عوام کی تقدیر بدل دیں گے۔ اقتدار میں نہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 3)

ٹانک، فتنۃ الخوارج کے دہشتگردوں کا عبرتناک انجام

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں چیک پوسٹ پر حملے کی ناکام کوشش کرنے والے فتنۃ الخوارج کے دہشتگرد عبرت کا نشان بن گئے۔ ٹانک کے علاقے ماچھی خیل میں واقع پولیس اور پاک فوج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 3)

موسلا دھار بارش اے سی گوجرخان کا نکاسی آب کا جائزہ

نالہ ٹیم تبدیل، نئی ٹیم فوری فیلڈ میں متحرک، شہریوں کو ریلیف کی بھرپور کوششیں

گوجرخان (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب اور ضلعی انتظامیہ راولپنڈی کی خصوصی ہدایات پر گوجرخان میں موسلا دھار بارش کے باوجود نکاسی آب کو بہتر بنانے کے لیے ٹیمیں متحرک، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

کویت کی ایران کیخلاف فوجی کارروائی میں شمولیت کی تردید

کویت سٹی (صباح نیوز) کویت نے ایران کیخلاف فوجی کارروائیوں میں اپنی مبینہ شمولیت سے متعلق وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کر دیا۔ کویتی حکام نے کہا کہ کویت نیٹو سمیت کسی بھی ہمسایہ ملک کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

12 اگست کو مکمل سورج گرہن، چند ممالک میں ہی نظارہ ہوگا، ناسا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی خلائی ادارے ناسا کا کہنا ہے کہ 12 اگست کو مکمل سورج گرہن کا نظارہ ہوگا مگر بہت کم ممالک کے افراد ہی اسے دیکھ سکیں گے۔ غیر ملکی میڈ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 1)

آبنائے ہرمز پر عمان کیساتھ مذاکرات میں پیش رفت

تہران (صباح نیوز) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے اپنے بیان میں کہا کہ آبنائے ہرمز سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

مانسہرہ، پنجاب یونیورسٹی کی بس کھائی میں جا گری، 21 زخمی

مانسہرہ (صباح نیوز) پنجاب یونیورسٹی کی بس سیاحتی مقام مقام ناراں سے واپسی پر ڈمگلہ کے مقام پر گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں بس میں سوار پنجاب یونیورسٹی کے 21 ملازمین زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد اور ریسکیو ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کی فراہمی کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بالاکوٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

PSN زونل اجلاس، نجی تعلیمی اداروں کا اتحاد کا عملی مظاہرہ

ڈاکٹر افضل بابر کی گراں قدر خدمات کو زبردست خراجِ عقیدت پیش

مشن، وژن کو اسی جذبے اور لگن کیساتھ آگے بڑھایا جائے گا، اراکین کا عزم



بارہ کہو (نمائندہ شہرنامہ) بارہ کہو کی تعلیمی برادری نے پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک (PSN) اسلام آباد پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے July 25th ہفتہ کے روز سائنطا وژن کالج، بارہ کہو میں منعقدہ زونل اجلاس میں شاندار شرکت کی۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

نبی کریم کائنات کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے، پیر سرکار جی

راولپنڈی (خبرنگار) حضور اکرم ﷺ کو دنیا و اخرت کے تمام فضائل وخصائص عطا فرمائے گئے جو دنیا کے کسی بھی انسان کو عطا نہیں ہوئے۔ آپ ﷺ کو یہ خصائص ایک پیغمبر، مبلغ دین، صاحب مذہب اور امت کے پیشوا ہونے کی حیثیت سے عطا کیے گئے تھے اور آخرت کی دنیا میں بھی مزید فضائل عطا ہوئے۔ ان خیالات کا اظہار پیر سرکار جی نے ماہانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

موسلا دھار بارش اے سی گوجرخان کا نکاسی آب کا جائزہ

نالہ ٹیم تبدیل، نئی ٹیم فوری فیلڈ میں متحرک، شہریوں کو ریلیف کی بھرپور کوششیں

گوجرخان (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب اور ضلعی انتظامیہ راولپنڈی کی خصوصی ہدایات پر گوجرخان میں موسلا دھار بارش کے باوجود نکاسی آب کو بہتر بنانے کے لیے ٹیمیں متحرک، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

ZARAI TARAQIATI BANK LTD.

INVITATION TO e-BID

(Tender No. ZTBL-12-2026)

PROCUREMENT OF ELECTRICAL ITEMS, PIPES & STRAINER FOR USE IN ZTBL HO & STAFF COLLEGE, ISLAMABAD

Zarai Taraqiati Bank Limited, Head Office Islamabad, a Public Sector Bank, invites electronic bids on PPRA e-Pak Acquisition & Disposal System (EPADS) version 2.0 from interested firms registered with Income Tax & Sales Tax Departments who are on FBR Active Taxpayers List for **"PROCURMENT OF ELECTRICAL ITEMS, PIPES & STRAINER FOR ZTBL HO, ISLAMABAD"**.

e-Bidding shall be conducted under Open Competitive Bidding through **Single Stage One Envelope Procedure** Bidding Procedure detailed in Public Procurement Regulatory Authority Rules (PPRA Rules) 2004 36(a).

e-Bidding documents as per regulations, containing detailed terms and conditions, etc. are available at Procurement Department, ZTBL Head Office, Islamabad. Price of the bidding document is Rs. 2,000/-. The Bidding document can also be downloaded free of cost from ZTBL website (www.ztbl.com.pk) and from PPRA EPAD System Version 2.0 (www.epads.gov.pk).

Bidders are required to submit their electronic bids through PPRA EPAD System version 2.0 (www.epads.gov.pk). Manual Bids shall not be accepted. However, the original bid security and original affidavits, as required in bid document, must be delivered to ZTBL on below mentioned address before bid submission closing date & time. Bids must be submitted through EPADS as per the following schedule:

Bid Submission Date & Time	17th Aug, 2026 @ 11:00 AM
Bid Opening Date & Time	17th Aug, 2026 @ 11:30 AM

Note: Notification of the GRC constituted in terms of Rule-48 of PPRA rules, 2004 is provided on EPADS & ZTBL Website.

Head, Procurement Department, General Services Division
Zarai Taraqiati Bank Limited, Head Office, Zero point, Islamabad
Email: haseeb.akhtar@ztbl.com.pk, Phone: 051-9252798

PID (I) 791/26

شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

شہکی پرنٹرز

جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل آفسٹ ویریایٹیز

ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی | سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083